تمام مسلمانوں کی بے حساب بخشش کی دعا مانگنے کا حکم

مجیب: فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-106

تاریخ اجراء: 08 جمادی الاخری 1443ھ/12 جنوری 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص یوں دعا کرے کہ اے اللہ تمام مسلمانوں کے بے حساب بخشش فرما! کیا اس طرح دعا کرنا درست ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

یہ دعا کرنا جائز نہیں۔ کیونکہ اس کا مطلب ہے کہ بروز قیامت کسی بھی مسلمان سے حساب نہ لے اور سب کو بغیر کسی پُرسش و حساب کے بخش دے جبکہ تمام مسلمانوں کی بلا حساب بخشش ہونا یہ قرآنی آیات و احادیث کریمہ کے مضامین کے خلاف ہے، اس لئے کہ بلا حساب و عذاب داخل جنت ہونا سب کے لئے نہیں۔ جیسا کہ ترمذی شریف میں حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ "وعدني ربي أن يدخل الجنة من أمتي سبعين ألفا لا حساب عليهم ولا عذاب مع كل ألف سبعون ألفا وثلاث حثيات من حثياته" یعنی میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ میری امت میں سے ستر ہزار افراد کو جنت میں داخل فرمائے گا جس پر نہ حساب ہو گا اور نہ ہی عذاب اور ہر ہزار کے ساتھ مزید ستر ہزار افراد ہوں گے اور اللہ عزوجل کی مٹھیوں (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) میں سے مزید تین مٹھی بھر افراد اور ہوں گے۔ (مراد کثیر تعداد میں امت مرحومہ کے افراد بے حساب داخل جنت ہوں گے)۔ (جامع ترمذی، جلد2، صفحہ70، مطبوعہ کراچی)

معلوم ہوا کہ کثیر افراد پر مشتمل ایک مخصوص تعداد کا بلا حساب جنت میں داخلہ ہو گا جبکہ بقیہ افراد کا حساب و کتاب ہو گا اور اس میں بھی کسی کو فقط حساب کر کے سرزنش و عتاب فرما کر معاف کر دیا جائے گا اور کسی کو معاذ اللہ جہنم کے عذاب میں مبتلا کیا جائے گا تاہم نبی رحمت شفیع امت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کی برکت سے مسلمان

بالآخر داخل جنت ہوگا اور یہ مضامین احادیث میں واضح طور پر موجود ہیں۔ لہذا ایسی دعا کرنا جائز نہیں جس کے مضمون میں قرآن وحدیث میں بیان کردہ آئندہ ہونے والے واقعات کا خلاف ہونا پایا جائے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net